پریس ریلیز

امیر الدین میڈیکل کالج میں کل پاکستان پارلیمانی مباحثہ منعقد، 50 اداروں کی ٹیموں نے حصہ لیا

ہم نصابی سرگرمیاں طلبا کی شخصیت کو نکھارتی ہیں: پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 10 جنوری:......جنرل ہسپتال سے منسلک گورنمنٹ امیر الدین میڈیکل کالج (پی جی ایم آئی) میں کل پاکستان پارلیمانی مباحثہ DAMEER منعقدہ کیا گیا جس میں ملک بھر کے مختلف شہروں سے 50 اداوں کی ٹیموں نے بھرپور حصہ لیا۔ ڈیبیٹنگ سوسائٹی آف امیر الدین میڈیکل کالج کی جانب سے منعقد ہونے والے اس پارلیمانی مباحثے میں سماجی ترقی کو خصوصی طور پر زیر بحث لایا گیا جبکہ میڈیکل سٹوڈنٹس کو سائنس فکشن، سیاست، مذہب اور فیمینزم جیسے اہم موضوعات پر اظہار خیال کرنے کا موقع ملا۔ اسی طرح ان مباحثوں میں نتائج کے معیار کو یقینی بنانے کے لئے معروف مقررین کو جیوری میں شامل کیا گیا۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے اس امر پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امیر الدین میڈیکل کالج میڈیکل ایجوکیشن کے علاوہ ہم نصابی سرگرمیوں میں درخشاں روایات کا حامل ہے جس میں ڈیبیٹنگ سوسائٹی انتہائی نمایاں ہے۔ انہوں نے سوسائٹی اراکین کو مبارکباد دیتے ہوئے اس توقع کا اظہار کیا کہ نہ صرف اس معیار کو برقرار رکھا جائے گا بلکہ مستقبل میں یہ ادارہ ترقی و کامیابی کی مزید منازل طے کرے گا۔

تفصیلات کے مطابق انگریزی مباحثوں میں حارث طاہر، سعد جاوید سندھو، ڈاکٹر عمیر عرفان، ڈاکٹر عبدالرافع، حمزہ عباس، عمر شفیق، سید محمد شاہکار، علی بخاری اور ذیشان ڈوگر جبکہ اردو مباحثوں میں ڈاکٹر اسد اللہ فاروق، ڈاکٹر احمد فراز تارڑ، ڈاکٹر علینہ سلیم، حذیفہ وسیم، عبداللہ چیمہ، رضوان سلیم، عائشہ اریج اور شاہزیب خانزادہ نے سر فرائض انجام دیے۔ اعصاب شکن مقابلوں کے بعد کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی اردوں کے مباحثوں میں جبکہ Af&Af ٹیم انگریزی کے مقابلوں میں فاتح قرار پائی اور اس تمام ترایونٹ میں دو بنیادی نکات پیش نظر رکھے گئے جو مباحثوں کے لئے معیار کو یقینی بنانے اور حصہ لینے والوں کو کچھ نہ کچھ سیکھنے کا موقع دینے پر مبنی تھے۔ ان مباحثوں میں ڈیبیٹنگ سوسائٹی آف امیر الدین میڈیکل کالج نے اپنا کردار بخوبی نبھایا۔

امیر الدین میڈیکل کالج کی ڈیبیٹنگ سوسائٹی کے اراکین نے سٹاف پریزیڈنٹ پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اُن کی سرپرستی کے باعث یہ کمیٹی ملکی سطح پر پارلیمانی مباحثے جیسے اہم ایونٹ آرگنائز کرتی ہے اور ایک مرتبہ پھر 50 مختلف اداروں سے میڈیکل سٹوڈنٹس کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا گیا ہے۔ پارلیمانی مباحثے کے اختتام پر میزبان ٹیم کو مبارکباد دی گئی جبکہ پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیموں میں انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کیے۔

☆☆☆☆

امیر الدین میڈیکل کالج میں منعقدہ کل پاکستان پارلیمانی مباحثے کی فاتح ٹیم کا سٹاف
پریزیڈنٹ پروفیسر فاروق افضل کے ہمراہ گروپ فوٹو

امیر الدین میڈیکل کالج میں منعقدہ کل پاکستان پارلیمانی مباحثے کی فاتح ٹیم کا سٹاف
پریزیڈنٹ پروفیسر فاروق افضل کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج کے طلباء کل پاکستان پارلیمانی مباحثے میں
فاتح کے بعد خوشی کا اظہار کرتے ہوئے